روتی کیوں ہے؟ بیاہ رچادوں نھا منا دولہا لادوں
گورے گورے گالوں والا کالے کالے بالوں والا

میری پیاری، سوجا سوجا
راج دلاری، سوجا سوجا

آنچل میں پھولیں جو کلیاں ان سے مہکیں دیش کی گلیاں
سر پر ہو عصمت کی چادر گودی میں پرتاپؔ اور اکبرؔ

میری پیاری، سوجا سوجا
راج دلاری، سوجا سوجا

گھر کی لچھمی بن کر رہنا ساس کی بیٹی بن کر رہنا
نور جہاں کی ثانی ہونا بھارت کی مہرانی ہونا

میری پیاری، سوجا سوجا
راج دلاری، سوجا سوجا

پھیلی ہے مہتاب کی چادر چھلکے ہیں آکاش پہ اختر
سوگیا بنسی والا جوگی سوگئے بن میں سارے پنچھی

میری پیاری، سوجا سوجا
راج دلاری، سوجا سوجا

ماخوذ

Sarva Shiksha 2015-16 (Free)

پڑھیے اور سمجھیے:

لوری : ایسی نظم جو بچوں کو سلانے کیلئے گائی جاتی ہے۔
راج دلاری : راجا کی پیاری، بہت عزیز
سانولی صورت : گندمی رنگ کی
نرمل چاندی : چاندی کی طرح پاک وصاف
کامنی رنگ : خوبصورت رنگ
من موہنی : دل لبھانے والی
عصمت : عزت، پاکیزگی
مہتاب : چاند
آکاش : آسمان
اختر : تارے

پڑھیے اور بتائیے:

(i) گود میں سوتی ہوئی بچی کیسی معلوم ہوتی ہے؟
(ii) لوری کون سناتا ہے؟
(iii) نرمل چاندی نرمل سونا سے کیا مراد ہے؟
(iv) روتی ہوئی بیٹی کو چپ کرانے کے لئے ماں کیا کہتی ہیں؟
(v) آنچل میں پھولیں جو کلیاں سے کیا مراد ہے؟
(vi) بیٹی کی سر پر کس چیز کی چادر کی تمنا ماں کرتی ہیں؟
(vii) نور جہاں کی ثانی ہونا سے کیا مراد ہے؟
(viii) پرتاپ اور اکبر کون تھے؟ ان کا پورا نام لکھیے؟

(ix) رات ہونے پر کیا کیا تبدیلیاں ہوتی ہیں لکھیے؟

(x) سوگئے بن میں سارے پنچھی کا کیا مطلب ہے؟

صحیح جوڑ ملایئے:

خانہ (الف)	خانہ (ب)
پھیلی ہے مہتاب کی چادر	گودی میں پرتاپ اور اکبر
گھر کی پنچھی بن کر رہنا	نرمل چاندی نرمل سونا
سر پر ہو عصمت کی چادر	سیپ کے اندر موتی ہے تو
گود میں میری سوتی ہے تو	ساس کی بیٹی بن کر رہنا
سانولی صورت روپ سلونا	چھٹکے ہیں آکاش پہ تارے

صحیح لفظ سے خالی جگہ پر کیجیے

اور، کی، سے، میں، جو، میں، پر

آنچل.........پھولیں.........کلیاں ان.........مہکیں دلیش.........گلیاں

سر.........ہو عصمت.........چادر گودی.........پرتاپ.........اختر

سوچیے اور بتایئے:

☆ اس نظم میں سوجا سوجا کی تکرار اتنی بار کیوں آئی ہے؟

ان اشعار کا مطلب بیان کیجیے:

پھیلی ہے مہتاب کی چادر چھٹکے ہیں آکاش پہ تارے
سوگیا بنسی والا جوگی سوگئے بن میں طائر سارے

میری پیاری سوجا سوجا
راج دلاری سوجا سوجا

مندرجہ ذیل لفظ کے برابر وزن والے لفظ دیے گیے خانہ سے چن کر لکھیے:

مثال پیاری : دلاری

سوتی : ________

صورت : ________

رچادوں: ________

گالوں : ________

کلیاں : ________

ثانی : ________

تازے : ________

مورت
موتی
لا دوں
کھیاں
رانی
سارے
بالوں

جملے میں استعمال کیجیے:

(1) روپ ________

(2) کامنی ________

(3) پچھی ________

(4) بھارت ________

(5) آکاش ________

(6) جوگی ________

(7) طائر ________

(8) اکبر ________

لکھیے:

☆ اس نظم میں کون کون سی نصیحت کی باتیں ہیں لکھیے؟

آیئے مزہ کریں:

لفظ 'تو' کا معنی 'تم' ہوتا ہے شعر میں جہاں 'ہے تو' آیا ہے وہاں 'ہو تم' لکھیے اور پڑھیے:

گود میں میری سوتی ہے تو　　　سیپ کے اندر موتی ہے تو

بیٹا ہے تو بیٹی ہے تو　　　جو کچھ ہے میری ہے تو

مثال: گود میں میری سوتی ہو تم　　　سیپ کے اندر موتی ہو تم

بیٹا ہو تم بیٹی ہو تم　　　جو کچھ ہو تم میری ہو تم

(الف) ٹھیک اسی طرح 'ہے تو' کو 'تو ہے' سے بدل کر لکھیے:

(ب) اس بار 'ہے تو' کو 'ہیں آپ' سے بدل کر لکھیے:

(ج) پھر "ہیں آپ" کو "آپ ہیں" سے بدل کر لکھیے:

(د) لفظ بدل کر پڑھنے پر آپ کو کیسا لگا؟ اگر آپ کو کوئی لوری سنائے تو اسے کیا کہنا چاہیے؟

اس لوری کو زبانی یاد کیجیے اور درجہ میں سنائیے:

لسانی کھیل

بات چیت کا کھیل:

مقصد: مکالموں سے واقفیت

ہدایت: مثال دیکھ کر آپ بھی اسی طرح کے کھیل آپس میں بات چیت کر کے کھیل سکتے ہیں۔

☆ جو لفظ جملے کے آخر میں آئے اسی لفظ سے دوسرا کھلاڑی اپنا جملہ شروع کریگا۔

☆ ہر جملے کیلیے آدھا منٹ کا وقت بھی مقرر کیا جاسکتا ہے۔

مثال: احمد یہ لو اپنی کتاب۔

کتاب آپ نے پوری پڑھ لی یا نہیں۔

نہیں پڑھی۔

پڑھی تو میں نے بھی نہیں ہے چاہو تو کچھ روز کے لئے اور لے جاؤ۔

جاؤ اور لوٹا دو لائبریری کی ہے نا؟

نا ہے تو اپنی۔

اپنی کتاب تھی تو کیوں کی اتنی عجلت۔

عجلت کی بات نہیں میں تو بس اسے پڑھنا چاہتا ہوں۔

ہوں یہ بھی ٹھیک۔

ٹھیک ہے نا؟ میں پھر پڑھ لوں گا اب مسکراؤ اور کتاب لے جاؤ۔